## ایم کیوایم کے منتخب نمائندکسی ایک طبقہ یازبان بولنےوالے کےنہیں بلکہ تمام طبقوں
## ےنمائندے ہیں لہٰذاوہ تمام عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل خدمت کریں۔الطاف حسین
## ایم کیوایم کےمرکز نائن زیروپرایم کیوایم کےنومنتخب ارکان سندھ اسمبلی سے ٹیلیفون پر بات چیت

کراچی۔۔۔6 اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام منتخب نمائندوں سے کہا ہے کہ وہ کسی ایک طبقہ یازبان بولنے والے کےنہیں بلکہ تمام طبقوں کے نمائندے ہیں لہٰذا وہ تمام عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل خدمت کریں اورعوام کی خدمت اوران کے مسائل حل کرنے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھیں۔انہوں نے یہ بات گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرایم کیوایم کےنومنتخب ارکان سندھ اسمبلی سے ٹیلیفون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی جوحلف برداری کے بعد اسمبلی سے نائن زیرو پہنچے تھے۔جناب الطاف حسین نے رکنیت کا حلف اٹھانے پرتمام ارکان سندھ اسمبلی کودل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے ارکان اسمبلی سے کہا کہ اب آپ اسمبلی کے باقاعدہ ممبر بن گئے ہیں اوراب آپ صرف ایم کیوایم کے نمائندےنہیں بلکہ حلقے کےتمام عوام کے نمائندے ہیں لہٰذا آپ کا فرض ہے کہ آپ سیاسی وابستگی سے بالاترہوکراپنے حلقہ کےعوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل خدمت کریں چاہےوہ کسی بھی سیاسی جماعت سے وابستگی رکھتے ہوں۔جناب الطاف حسین نے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی سے کہا کہ آپ ایوان میں بہترین کارکردگی کامظاہرہ کرکے اچھے پارلیمینٹیرین ہونے کا ثبوت دیں اورنیک نیتی اورایمانداری کے ساتھ عوام کے مفاد میں ایسے مثبت کام کریں کہ آپ کواپنے اچھے کام عوام کوبتانے کی ضرورت پیش نہ آئے بلکہ خلق خدا آپ کے کاموں کی خودتعریف کرے۔انہوں نے کہا کہ انسان اپنے نام سےنہیں بلکہ اپنے کاموں سے یادرکھا جاتا ہےاور جولوگ خلق خدا کی فلاح وبہبود کیلئے نیک نیتی اورایمانداری سے کام کرتے ہیں وہ دنیا سے گزرجانے کے باوجودعوام میں زندہ رہتے ہیں اورتاریخ میں اچھے ناموں سے یادرکھے جاتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی سے کہا کہ جب لوگ ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں اوران کے اچھے کاموں کی تعریف کرتے ہیں تومجھے خوشی ہوتی ہے اورمیرا سرفخر سے بلند ہوجاتا ہے لہٰذا اگرآپ مجھے خوش دیکھنا چاہتے ہیں توعوام کی زیادہ سے زیادہ بلاامتیاز خدمت کریں اوران کی فلاح وبہبود کیلئے محنت ولگن سے کام کریں۔جناب الطاف حسین نےحق پرست ارکان اسمبلی کودعادیتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ عوامی خدمت کا جذبہ آپ کے اندرکوٹ کوٹ کربھردے تاکہ آپ عوام کی بہتر سے بہتر خدمت کرسکیں اورآپ برے کاموں اورحرص ولالچ سے بچیں۔

## 12 مئی کاراگ الاپنے والی جماعتیں قومی مفاہمت کے خلاف ہیں،ارکان قومی اسمبلی
## ایم کیوایم کے خلاف بہتان تراشی کرنیوالے آج تک اس بات کا جواب نہیں دے سکے کہ 12مئی کے سانحہ میں
## ایم کیوایم کے 14کارکنان کوشہید کرنے میں کن جماعتوں کے مسلح دہشت گردملوث ہیں

کراچی۔۔۔6،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ 12مئی کا سانحہ ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازش تھی جس کا مقصد ملک بھرکےعوام کوایم کیوایم سے بدظن کرنا تھا۔اپنےمشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جوسیاسی ومذہبی جماعتیں 12مئی کے سانحہ کی ذمہ داری ایم کیوایم پرعائدکرکےایم کیوایم کے خلاف بہتان تراشی کررہی ہیں وہ آج تک اس بات کا جواب نہیں دےسکیں کہ 12مئی کے سانحہ میں ایم کیوایم کے 14کارکنان کوشہیداور 50 سے زائد کارکنان کوزخمی کرنے میں کن کن جماعتوں کے مسلح دہشت گردملوث ہیں۔انہوں نے کہا کہ جو جماعتیں 12مئی کا راگ الاپ کرایم کیوایم کے خلاف زہراگل رہی ہیں وہ ملک میں قومی مفاہمت کے فروغ کے خلاف ہیں اورملک میں جمہوریت کوپھلتا پھولتا دیکھنانہیں چاہتیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اورجمہوریت کےفروغ کیلئے قومی مفاہمت کےعمل میں بھرپورطریقے سے حصہ لے رہی ہےاورایم کیوایم کا مثبت عمل جمہوریت دشمن عناصرکوایک آنکھ نہیں بھارہا ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم باربارمطالبہ کرتی رہی ہے کہ 12مئی کےسانحہ سمیت سانحہ 27،دسمبر2007ءاور19،جون1992ءکوایم کیوایم کے خلاف فوجی آپریشن کی بھی تحقیقات عالمی عدالت انصاف کےتحت کرائی جائے۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔6،اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن علی شمشیر کی والدہ محترمہ جمیلہ بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## لندن میں روزنامہ خبریں کے نمائندہ خصوصی وجاہت خان کی دوسالہ صاحبزادی انعم خان کی ناگہانی وفات پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔6 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لندن میں روزنامہ خبریں کے نمائندہ خصوصی وجاہت خان کی دوسالہ صاحبزادی انعم خان کی ناگہانی وفات پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔معصوم انعم خان دوروز قبل لندن میں ایک مقامی نہر میں ڈوب کر جاں بحق ہوگئی تھیں ۔رابطہ کمیٹی نے وجاہت خان اوران کے تمام سوگوار اہل خانہ سے اس سانحہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ معصوم بچی کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورسوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے ۔

## ڈاکٹر ارشد شاہانی کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے ،رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔6 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلشن اقبال میں مسلح ڈاکوؤں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے ہمدرد ڈاکٹر ارشد شاہانی کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اورنگراں وزیر اعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر ارشد شاہانی کے قتل کا نوٹس لیا جائے اورقتل کی واردات میں ملوث قاتلوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے ۔رابطہ کمیٹی نے مقتول کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

☆☆☆☆☆